**02/02/2025**

**12.30 PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی کا سرینگرسٹیشن ہے ۔**

**اب آپ اعجازہ اخترسے خبریں سُنیے۔**

**وزیر اعظم**

**وزیر اعظم نریندر مو دی نے بجٹ کی سراہنا کر تے ہوئے کہا ہے کہ یہ وِکست بھارت کے سفر کو مزید آسان بنائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ میزانیہ 140کروڑ لوگوں کی اُمیدیں پورا کئے جانے کے سرکار کے پختہ عزم کا ایک اظہار ہے۔**

**-------Byte-------**

**اس دوران مختلف جماعتوں کے لیڈروں ، عام لوگوں ، تاجروں اور اقتصادی ماہرین نے بجٹ2025-26پر ملے جلے رد عمل کا اظہار کیا ہے۔**

**<u>LGملاقات</u>**

**لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا سے راج بھون جموں میں کئی اہم شخصیات نے ملاقات کی۔**

**ایل جی سے ملاقات کرنے والوں میں جمونو کشمیر کے سابق وزیر چودھری ذولفقار علی// بی جے پی کے ترجمان ایڈوکیٹ انکُر شرما// بین الاقوامی ٹینس کھلاڑی روہن بھوپنہ // اور بین الاقوامی کھو کھو کھلاڑی نازیہ بی بی شامل ہیں۔**

**سبھی شخصیات نے لیفٹنٹ گورنر سے اپنے اپنے شعبوں سے متعلق کئی امور پر تبادلہ خیال کیا۔**

**<u>Dy CM</u>**

**نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری نے کہا ہے کہ جمونو کشمیر میں ماحولیاتی توازن کا قیام نہایت ہی اہمیت کا حامل ہے اور صنعت کاری کے نام پر ماحولیات کے ساتھ کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا ہے۔**

**وہ ضلع کٹھوعہ کے دورے پر تھے جہاں انہوں نے بروال علاقے میں سڈکو کے تحت صنعتوں کی توسیع کےلئے حصول اراضی سے جڑے معاملات کی نسبت سے مقامی لوگوں، دیگر متعلقین اور عہدیداروں کے خدشات کی سماعت کی۔**

**انہوں نے کہا کہ بر وال میں درختوں کی کٹائی کے معاملے میں تحقیقات کرائی جائے گی اور ماحولیاتی ضوابط میں اگر کوئی خلاف ورزی ہوئی ہو تو اُس صورت میں کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔**

**C/S**

**چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کہا ہے کہ سرکار جمونو کشمیر میں صنعتی ترقی کےلئے ایک خوشگوار ماحول فراہم کرنے کےلئے پُر عزم ہے۔ انہوں نے صنعتی مرکز سانبہ کا دورہ کر کے وہاں دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر متعلقہ افسروں نے چیف سیکریٹری کو صنعتی مرکز میں زیر عمل پروجیکٹوں اور اہم اقدامات کی نسبت سے تفصیلی جانکاری دی۔**

**اٹل ڈلو نے صنعتی مرکز کےلئے بجلی، پانی، سڑکوں اور سوریج نظام جیسی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے صنعتی سرگرمیاں بلا خلل جا ری رکھنے کی اہمیت اُجاگر کی۔**

**LG**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بسنت پنچھمی اور سرسوتی پوجا کے موقعے پر عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں انہوں نے پرارتھنا کی ہے کہ یہ دن سب کےلئے خوشحالی ، ترقی اور صحت مندی کا نذرانہ لیکر آئے۔**

**اطلاع**

**آکاشوانی سرینگر سے آج دن میں ڈھائی بجے شعبہ خبر کا ہفتہ وار پروگرام نئی منزلیں نشر ہو گا۔ آج کا یہ پروگرام مرکزی بجٹ پر مخصوص ہو گا۔ پروگرام کے مہمان،معروف صحافی اور اقتصادی ماہر ریاض مسرور ہونگے۔**

**اضلاع**

***.....ضلع ترقیاتی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے متعلقہ ضلع اور سیکٹورل افسروں کی ایک میٹنگ میں سما دھان پورٹل پر شہریوں کے اندراج کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوننے مختلف محکموں سے جڑی عوامی شکایات کے ازالے کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔**

***.....ڈپٹی کمشنر گاندربل جتِن کشور نے افسروں کی ایک میٹنگ میں مال محکمے کی کارگذاری کا جائزہ لیا۔ ریونیو ڈیپارٹمنٹ سے جڑے مختلف امور کا جائزہ لینے کے علاوہ انہوں نے ڈیجیٹل انڈیا لینڈ ریکارڈس ماڈرنائزیشن پروگرام کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔**

***.....کرشی وگیان کیندر شوپیان میں سکاسٹ کشمیر کے اشتراک سے آلو کی کاشت سے متعلق بیج کی تقسیم کا ری کی نسبت سے ایک جانکاری پروگرام منعقد کیا گیا۔ پروگرام کا مقصد کاشتکاروں میں آلو کا بیج سائنسی بنیاد پر اُگانے کا مزاج پیدا کرنا تھا، جس میں ضلعے کے40 قبائلی کاشتکاروں نے حصہ لیا۔**

**<u>بانڈی پورہ</u>**

**ضلع اطلاعاتی مرکز بانڈی پورہ نے ضلع انتظامیہ بانڈی پورہ کے اشتراک سے ضلعے کے صحافیوں کے ساتھ ملاقات اور انکی عزت و افزائی کےلئے ایک پروگرام منعقد کیا۔ یہ پروگرام ضلع ترقیاتی کمشنر منظور احمد قادری کی صدارت میں منعقد ہوا، جس دوران انہوں نے عوامی معاملات اُجاگر کرنے اور اطلاعات کی ترسیل میں نا مہ نگاروں کے رول کو اہم قرار دیا۔**

**اس موقعے پر مختلف میڈیا اداروں کے ساتھ کام کرنے والے نمائندوں کو میمنٹوز عطا کئے گئے۔**

**<u>Elder Line</u>**

**محکمہ سماجی بہبود نے پوری یوٹی میں14567نمبر کے ساتھ ایلڈر لائن نامی ہیلپ لائن دوبارہ کامیابی کے ساتھ شروع کی ہے۔ یہ ہیلپ لائن روز صب□ 8بجے سے رات 8بجے تک بزرگ شہریوں کی مدد کےلئے چالو رہا کرے گی۔**

**ہیلپ لائن کے دوبارہ چالو کئے جانے پر محکمہ سماجی بہبود کے جموں کے ڈائریکٹر روپیش کمار نے کہا کہ یہ معمر اشخاص کی مدد کےلئے محکمے کے عزم کا اظہار ہے۔**

**<u>کرکٹ</u>**

**انٹر نیشنل کرکٹ سیریز کا پانچواں اور آخری میچ آج T-20بھارت اور انگلینڈ کے درمیان جا ری ممبئی کے وانکھاڑے اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام7بجے شروع ہوگا۔**

**واض□ رہے کہ بھارت نے یہ سیریز تین میچوں کی جیت کے ساتھ پہلے ہی اپنے نام کی ہے۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**ہمیں دیجئے اجازت**

**خدا حافظ**